**پیکیج کا صفحہ: معلومات برائے مریض**

## Hepcludex دو ملی گرام پاؤڈر برائے انجیکشن کا محلول
بولیوِرٹائیڈ

▼یہ دوا اضافی نگرانی سے مشروط ہے۔ اس سے حفاظت سے متعلقہ نئی معلومات کی فوری نشاندہی کا موقع ملے گا۔ آپ کسی قسم کے ضمنی اثرات لاحق ہونے کی اطلاع دے کر مدد کر سکتے ہیں۔ ضمنی اثرات کی اطلاع دینے کے طریقے کے بارے میں جاننے کے لیے سیکشن 4 ملاحظہ کریں۔

**دوا کا استعمال شروع کرنے سے پہلے اس صفحے کو دھیان سے پڑھیں کیونکہ اس میں آپ کے لیے اہم معلومات موجود ہیں۔**

- اس صفحےکو سنبھال کر رکھیں۔ ممکن ہے کہ آپ کو دوبارہ اس کو پڑھنے کی ضرورت پیش آئے۔
- اگر آپ کے مزید سوالات ہوں، تو اپنے ڈاکٹر یا نرس سے دریافت کریں۔
- یہ دوا صرف آپ کے لیے ہی تجویز کی گئی ہے، اسے دوسروں کو نہ دیں۔ اس سے ممکنہ طور پر اُنہیں نقصان پہنچ سکتا ہے چاہے اُن کی بیماری کی علامات آپ جیسی ہی کیوں نہ ہوں۔
- اگر آپ کو کوئی ضمنی اثرات لاحق ہوں، تو اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات کریں۔ اس میں ایسے ممکنہ ضمنی اثرات بھی شامل ہیں جو کہ اس صفحےمیں درج نہیں ہیں۔ سیکشن 4 ملاحظہ کریں۔

**اس صفحےمیں کیا ہے**


1. Hepcludex کیا ہے اور اس کا استعمال کس لیے کیا جاتا ہے
2. Hepcludexاستعمال کرنے سے قبل آپ کو کیا معلوم ہونا چاہئے
3. Hepcludex کو کیسے استعمال کیا جائے
4. ممکنہ ضمنی اثرات کیا ہیں
5. Hepcludex کو کیسے اسٹور کیا جائے
6. پیک میں شامل اشیاء اور دیگر معلومات
7. مرحلہ وار انجیکشن گائیڈ


**اگر آپ کے بچے کو Hepcludex تجویز کی گئی ہے، تو براہ کرم نوٹ کریں کہ اس صفحےمیں موجود تمام معلومات آپ کے بچے کے لیے ہیں (اس صورت میں براہ کرم "آپ" کے بجائے "آپ کا بچہ" پڑھیں)۔**

## 1. Hepcludex کیا ہے اور اس کا استعمال کس لیے کیا جاتا ہے

### Hepcludex کیا ہے
Hepcludex میں بولیوِرٹائیڈ (bulevirtide) نامی فعال مادہ موجود ہوتا ہے، جو کہ ایک اینٹی وائرل دوا ہے۔

### Hepcludex کو کس لیے استعمال کیا جاتا ہے
Hepcludex کو بالغ افراد اور 3 سال اور اس سے زائد عمر کے کم از کم 10 کلو گرام وزن والے اُن بچوں کے لیے طویل مدتی (دائمی) ہیپاٹائٹس ڈیلٹا وائرس (HDV) انفیکشن کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جن کو جگر کی کمپنسیٹڈ بیماری (جس میں جگر تاحال کسی قدر ٹھیک کام کر رہا ہوتا ہے) لاحق ہو۔

ہیپاٹائٹس ڈیلٹا وائرس کے انفیکشن سے جگر میں سوزش ہو جاتی ہے۔

### Hepcludex کیسے کام کرتی ہے
HDV خلیوں میں داخلے کے لیے جگر کے خلیوں میں موجود ایک مخصوص پروٹین استعمال کرتا ہے۔ اس دوا کا فعال مادہ بولیوِرٹائیڈ، اس پروٹین کو بلاک کر کے HDV کو جگر کے خلیوں میں داخل ہونے سے روکتا ہے۔ اس سے جگر میں HDV کے پھیلاؤ میں کمی ہوتی ہے جس سے سوزش کم ہو جاتی ہے۔

## 2. Hepcludex استعمال کرنے سے قبل آپ کو کیا معلوم ہونا چاہئے

**اس صورت Hepcludex استعمال نہ کریں:**

1. اگر آپ کو بولیورٹائیڈ یا اس دوا کے دیگر اجزاء سے الرجی ہو (جو سیکشن 6 میں درج ہیں) ۔

اگر آپ کو اس بارے میں معلوم نہیں تو اس دوا کے استعمال سے قبل اپنے ڈاکٹر سے بات کریں۔

**انتباہات و احتیاطی تدابیر**

Hepcludex سے علاج اس وقت تک مت روکیں جب تک ڈاکٹر آپ کو ایسا کرنے کو نہ کہے۔ علاج کو روکنے سے آپ کا انفیکشن دوبارہ فعال ہو سکتا ہے اور آپ کا مرض بگڑ سکتا ہے۔

Hepcludexاستعمال کرنے سے قبل اپنے ڈاکٹر یا فارماسسٹ سے بات کریں:

1. اگر آپ کا جگر ٹھیک طرح کام نہیں کر رہا – یہ معلوم نہیں ہے کہ اِن حالات میں Hepcludex کتنا اچھا کام کر سکتی ہے؛ اگر آپ کا جگر ٹھیک کام نہیں کر رہا ہے تو Hepcludex کا استعمال کرنے کی تجویز نہیں دی جاتی۔

2. اگر آپ کو گردے کا مرض رہا ہو یا اگر ٹیسٹ میں آپ کے گردے کے مسائل سامنے آتے ہیں۔ علاج سے قبل اور علاج کے دوران، آپ کا ڈاکٹر ممکنہ طور پر بلڈ ٹیسٹ کروانے کا کہہ سکتا ہے تاکہ وہ یہ چیک کرے کہ آپ کے گردے کتنی اچھی طرح کام کر رہے ہیں؛

3. اگر آپ کو HIV انفیکشن یا ہیپاٹائٹس C ہے - یہ معلوم نہیں ہے کہ اِن حالات میں Hepcludex کتنا اچھا کام کر سکتی ہے؛ آپ کا ڈاکٹر ممکنہ طور پر بلڈ ٹیسٹس کروانے کا کہہ سکتا ہے تاکہ آپ کے HIV یا ہیپاٹائٹس C انفیکشن کا اسٹیٹس چیک کرے

**اطفال اور نوعمر بالغان**

3 سال سے کم عمر یا 10 کلو گرام سے کم وزن کے بچوں کا علاج Hepcludex سے نہیں کیا جانا چاہئے۔

**دیگر ادویات اور Hepcludex**

اگر آپ کوئی دیگر ادویات استعمال کر رہے ہیں، حال ہی میں استعمال کر چکے ہیں، یا ممکنہ طور پر استعمال کر سکتے ہیں، تو براہ کرم اپنے ڈاکٹر کو بتائیں۔

کچھ ادویات سے Hepcludex کے ضمنی اثرات میں اضافہ ہو سکتا ہے اور آپ کو اُنہیں بیک وقت استعمال نہیں کرنا چاہئے۔ اسی لیے اگر آپ ان میں سے کوئی ادویات استعمال کر رہے ہیں تو آپ کو اپنے ڈاکٹر کو بتانا چاہئے:

1. ciclosporin، مدافعتی نظام پر دباؤ ڈالنے والی دوا؛
2. ezetimibe، ہائی بلڈ کولیسٹرول کا علاج کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے؛
3. irbesartan، ہائی بلڈ پریشر اور دل کی بیماری کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے؛
4. ritonavir، HIV انفیکشن کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے؛
5. sulfasalazine، ریمیٹائڈ آرتھرائٹس، السریٹیو کولائٹس، اور کروہن کے مریضوں کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

کچھ ادویات اس وقت Hepcludex کے اثرات کو بڑھا یا گھٹا سکتی ہیں کہ جب اُنہیں ایک ساتھ استعمال کیا جائے۔ کچھ کیسز میں، ممکن ہے کہ آپ کو مخصوص ٹیسٹس کروانے پڑ جائیں یا آپ کا ڈاکٹر خوراک بدل دے یا آپ کی باقاعدگی سے نگرانی کرے:

1. کینسر کے علاج معالجے (مثلاً dasatinib, docetaxel, ibrutinib, paclitaxel)؛
2. الرجیز کے لیے استعمال ہونے والی اینٹی ہسٹامین ادویات (مثلاً ebastine, fexofenadine)؛
3. مدافعتی نظام کی ادویات (مثلاً everolimus, sirolimus, tacrolimus)؛
4. ہیپاٹائٹس C اور HIV کے علاج کی ادویات (مثلاً darunavir, glecaprevir, grazoprevir, indinavir, maraviroc, paritaprevir, saquinavir, simeprevir, tipranavir, voxilaprevir)؛
5. ذیابیطس کی ادویات (مثلاً glibenclamide, nateglinide, repaglinide)؛
6. عضو تناسل کی ایستادگی کے مسائل کی ادویات (مثلاً avanafil, sildenafil, vardenafil)؛
7. ہائی بلڈ پریشر اور دل کی بیماری کا علاج کرنے والی ادویات (مثلاً olmesartan, telmisartan, valsartan)؛
8. statin، ادویات جو کہ ہائی بلڈ کولیسٹرول کے لیے استعمال ہوتی ہیں (مثلاً atorvastatin, fluvastatin, lovastatin, pitavastatin, pravastatin, rosuvastatin, simvastatin)؛

9. تھائیرائیڈ کے مسائل کا علاج کرنے میں استعمال ہونے والے تھائیرائیڈ ہارمونز؛
10. alfentanil، ایک درد کش دوا جسے شدید درد کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؛
11. bosentan، جِسے پلمونری آرٹریئل ہائپرٹینشن کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؛
12. buspirone، اضطرابی کیفیت کے علاج کی دوا؛
13. budesonide، جِسے دمہ اور دائمی رُکاوٹی پلمونری مرض کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؛
14. conivaptan اور tolvaptan، جِسے ہائپوناٹریمیا (سوڈیم کی کم سطحوں) کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؛
15. darifenacin، ضعفِ ضبط کے مرض کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؛
16. dronedarone، بے قاعدہ دھڑکن کے علاج کے لیے استعمال ہونے والی دل کی دوا؛
17. eletriptan، دردِ شقیقہ کے لیے استعمال ہوتی ہے؛
18. eplerenone، ہائی بلڈ پریشر کے لیے استعمال ہوتی ہے؛
19. estrone-3-sulfate مینوپاز کے لیے ہارمون کی دوا؛
20. felodipine اور nisoldipine (دل کی ادویات)؛
21. lomitapide، ہائی بلڈ کولیسٹرول کے لیے استعمال ہوتی ہے؛
22. lurasidone اور quetiapine، نفسیاتی امراض کے لیے اینٹی سائیکوٹک ادویات؛
23. midazolam اور triazolam، بےخوابی (سو نہ پانے) کے علاج کے لیے اور (سرجری کے دوران درد سے بچاؤ کے لیے) اینستھیزیا کے طور پر استعمال ہونے والی ادویات؛
24. naloxegol، جِسے شدید درد میں درد کش ادویات پر انحصار کے علاج کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؛
25. ticagrelor، خون جمنے سے روکنے کے لیے انجماد کُش دوا۔

**حمل، رضاعت اور تولیدی صلاحیت**
اگر آپ حاملہ ہیں یا دودھ پلا رہی ہیں، آپ کو لگتا ہے کہ آپ شاید حاملہ ہیں یا آپ بچہ پیدا کرنے کا سوچ رہی ہیں، تو اس دوا کے استعمال سے قبل اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔ آپ کو یہ دوا استعمال نہیں کرنی چاہئے سوائے اس کے کہ آپ کے ڈاکٹر نے اس کے استعمال کی خصوصی ہدایت کی ہو۔

اگر آپ بچہ پیدا کرنے کی صلاحیت رکھنے والی خاتون ہیں، تو آپ کو امتناعِ حمل کے موثر طریقے کے استعمال کے بغیر اس دوا کو استعمال نہیں کرنا چاہئے۔

یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ کو Hepcludex کے استعمال کے دوران دودھ پلانا چاہئے یا نہیں اپنے ڈاکٹر سے بات کریں۔
یہ معلوم نہیں ہے کہ آیا Hepcludex ماں کے دودھ میں شامل ہو سکتی ہے۔ چنانچہ، یہ فیصلہ کرنا ہوگا کہ آیا دودھ پلانا روکنا ہے یا Hepcludex کا استعمال روکنا ہے۔

**ڈرائیونگ اور ادویات کا استعمال**
ضمنی اثرات میں چکر آنا اور تھکاوٹ شامل ہے جن سے آپ کی ڈرائیو کرنے اور مشینیں چلانے کی صلاحیت متاثر ہو سکتی ہے۔ اگر آپ کے کوئی خدشات ہوں تو اپنے ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

**Hepcludex میں سوڈیم شامل ہے**
اس دوا میں سوڈیم 1 ملی مول (23 ملی گرام) فی ملی لیٹر سے کم پائی جاتی ہے، یعنی کہ یہ "سوڈیم سے پاک" ہوتی ہے۔

## 3. Hepcludex کو کیسے استعمال کیا جائے

ہمیشہ اس دوا کو ویسے ہی استعمال کریں جیسے آپ کے ڈاکٹر نے بتایا ہو۔ اگر آپ کو اندازہ نہ ہو تو اپنے ڈاکٹر سے پوچھیں۔

**دوا کی خوراک**
Hepcludex دن میں ایک مرتبہ، جلد میں بطور انجیکشن (درون جلدی انجیکشن) دی جائے۔

آپ کا ڈاکٹر اور نرس آپ کو Hepcludex تیار کر کے انجیکٹ کرنے کا طریقہ دکھائیں گے۔ آپ کو دوا انجیکٹ کرنے میں مدد دینے کے لیے اس پیکیج کے صفحےمیں مرحلہ وار انجیکشن گائیڈ موجود ہے (سیکشن 7 ملاحظہ کریں)۔

**تجویز کردہ خوراک**
بالغ افراد کے لیے Hepcludex کی تجویز کردہ خوراک روزانہ ایک مرتبہ 2 ملی گرام ہے۔

3 سال سے لے کر 18 سال سے کم عمر مریضوں میں Hepcludex کی تجویز کردہ خوراک کا انحصار وزن پر ہے جیسا کہ ذیل میں دیے ٹیبل میں بیان کردہ ہے۔

| عمر/ وزن | خوراک | انجیکٹ کی جانے والی مقدار |
|---|---|---|
| 3 سال یا اس سے زائد عمر کے 35 کلو گرام یا اس سے زائد وزن کے بچے | 2 ملی گرام، دن میں ایک مرتبہ | 1.0 ملی لیٹر |
| 3 سال اور زائد عمر کے، کم از کم 25 کلو گرام لیکن 35 کلو گرام سے کم وزن کے بچے | 1.5 ملی گرام، دن میں ایک مرتبہ | 0.75 ملی لیٹر |
| 3 سال اور زائد عمر کے، کم از کم 10 کلو گرام لیکن 25 کلو گرام سے کم وزن کے بچے | 1 ملی گرام، دن میں ایک مرتبہ | 0.5 ملی لیٹر |

آپ کا ڈاکٹر بتائے گا کہ آپ کو کتنا عرصہ دوا لینے یا استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔

**اگر آپ ضرورت سے زیادہ Hepcludex استعمال کر لیں**
اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ نے شاید ضرورت سے زیادہ استعمال کر لی ہے، تو فوراً اپنے ڈاکٹر کو بتائیں۔

**اگر آپ Hepcludex کا استعمال بھول جائیں**
اگر Hepcludex کی خوراک لینے کا وقت گزرے 4 گھنٹے سے کم وقت گزرا ہو، تو رہ جانے والی خوراک جلد از جلد لیں اور اپنی اگلی طے شدہ خوراک معمول کے وقت پر لیں۔

اگر آپ کو Hepcludex کی خوراک لیے 4 گھنٹے سے زیادہ وقت گزر چکا ہو، تو رہ جانے والی خوراک **مت** لیں۔ اگلے دن کی اگلی خوراک معمول کے وقت پر لیں۔ رہ جانے والی خوراک کی کمی پوری کرنے کے لیے دو خوراکیں مت لیں۔ اگر آپ کی Hepcludex کی ایک خوراک چھوٹ گئی ہو تو اپنے ڈاکٹر کو بتائیں۔

**اگر آپ Hepcludex کا استعمال چھوڑ دیں**
اگر آپ مزید Hepcludex استعمال نہ کرنا چاہیں، تو علاج روکنے سے قبل اپنے ڈاکٹر سے بات کریں۔ علاج کو روکنے سے آپ کا انفیکشن دوبارہ فعال ہو سکتا ہے اور آپ کا مرض بگڑ سکتا ہے۔ علاج روکنے کے بعد علامات میں کسی قسم کی تبدیلیوں کے بارے میں اپنے ڈاکٹر کو فوراً آگاہ کریں۔

اگر Hepcludex کے استعمال کے بارے میں آپ کے مزید کوئی سوالات ہوں، تو اپنے ڈاکٹر یا نرس سے دریافت کریں۔

## 4. ممکنہ ضمنی اثرات

تمام ادویات کی طرح، اس دوا سے بھی ضمنی اثرات لاحق ہو سکتے ہیں، اگرچہ ہر ایک ان میں مبتلا نہیں ہوتا۔

کوئی ضمنی اثرات لاحق ہونے کی صورت میں، یا ایسے ضمنی اثرات نوٹس کرنے کی صورت میں براہ کرم اپنے ڈاکٹر کو بتائیں کہ جو اس صفحےمیں درج شدہ نہ ہوں۔

درج ذیل ضمنی اثر **بہت عام** ہے (اس سے 10 میں سے 1 سے زیادہ افراد متاثر ہو سکتے ہیں):
- سر درد
- خارش
- انجیکشن والی جگہ پر ری ایکشن جس میں سوجن، سُرخی، کُھجلی، زخم، خارش، ریش، سختی، انفیکشن یا اس جگہ کا دُکھنا شامل ہے

درج ذیل ضمنی اثرات **عام** ہیں (ان سے متاثر ہونے والے افراد کی تعداد 10 میں سے 1 تک ہو سکتی ہے):
- چکر آنا
- متلی
- تھکاوٹ
- زکام جیسی بیماری
- جوڑوں کا درد

درج ذیل ضمنی اثرات **عام نہیں** ہیں (ان سے متاثر ہونے والے افراد کی تعداد 100 میں سے 1 تک ہو سکتی ہے):
- الرجک ری ایکشنز، بشمول اینافلیکٹک ری ایکشن (فوری جان لیوا الرجک ری ایکشن)۔

الرجک ری ایکشن کی علامات میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:
- سانس لینے میں دشواری یا خرخراہٹ
- چہرہ، ہونٹ، زبان یا گلا سوج جانا (انجیوایڈیما)
- چہرے پر ریشز
- بلڈ پریشر یا شرح قلب میں تبدیلیاں۔

اینافلیکٹک ری ایکشن کی علامات الرجک ری ایکشن جیسی ہی ہیں، مگر ان کی شدت زیادہ ہوتی ہے اور ان میں طبی نگہداشت کی ضرورت پڑتی ہے۔

*بلڈ ٹیسٹ سے درج ذیل بھی ظاہر ہو سکتا ہے:*
- خون میں صفرے کے تیزاب کی سطح میں اضافہ (بہت عام ہے)
- خون کے سفید خلیوں کی تعداد میں اضافہ (ایسینوفلز) (عام ہے)۔

**ضمنی اثرات کی اطلاع دینا**
اگر آپ کو کوئی ضمنی اثرات لاحق ہوں، تو اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات کریں۔ اس میں ایسے ممکنہ ضمنی اثرات بھی شامل ہیں جو کہ اس صفحےمیں درج نہیں۔ آپ قومی اطلاعی نظام کے ذریعے ضمنی اثرات کی براہ راست اطلاع بھی دے سکتے ہیں:

*اطالوی میڈیسنز ایجنسی*
*ویب سائٹ:*
*https://www.aifa.gov.it/content/segnalazioni-reazioni-avverse*

ضمنی اثرات کی اطلاع دے کر، آپ اس دوا کے تحفظ پر مزید معلومات فراہم کرنے میں مدد دے سکتے ہیں۔

## 5. Hepcludex کو کیسے اسٹور کیا جائے

اس دوا کو بچوں کی نظر اور پہنچ سے دور رکھیں۔

اس دوا کو مدتِ معیاد کے بعد استعمال نہ کریں جو کہ کارٹن اور شیشی پر EXP کے آگے دی ہوتی ہے۔ مدتِ میعاد اس ماہ کا آخری دن ہوتا ہے۔

ریفریجریٹر میں اسٹور کریں (2°C -8°C)۔ روشنی سے بچانے کے لیے، شیشیوں کو بیرونی کارٹن میں ہی رکھیں۔

تیار کردہ سلوشن کو فوراً استعمال کر لیا جائے۔ تاہم، اگر ممکن نہ ہو تو اسے 25°C تک کے درجہ حرارت پر 2 گھنٹوں تک اسٹور کیا جا سکتا ہے۔

اہم: شیشیوں، سرنجوں، سوئیوں یا انجیکشن کے لیے بچی ہوئی جراثیم سے پاک پانی کو دوبارہ استعمال نہ کریں۔
Hepcludexاور اس کا معاون سامان صرف ایک بار استعمال کے لیے ہے۔ استعمال کے بعد تمام اجزاء کو پھینک دیں، بشمول غیر استعمال شدہ جراثیم سے پاک پانی برائے انجیکشن۔

کوئی بھی ادویات یا استعمال کردہ سوئیاں گندے پانی یا گھریلو کوڑے میں مت پھینکیں۔ اپنے فارماسسٹ سے ادویات اور استعمال شدہ سوئیوں کی محفوظ تلف کاری کا طریقہ پوچھیں۔

## .6 پیک میں شامل اشیاء اور دیگر معلومات

**Hepcludex میں کیا ہے**
فعال مادہ بولیوِرٹائیڈ 2 ملی گرام ہے۔ ہر شیشی میں 2 ملی گرام بولیوِرٹائیڈ کے برابر بولیوِرٹائیڈ ایسیٹیٹ موجود ہے۔

دیگر اجزاء یہ ہیں: سوڈیم کاربونیٹ این ہائیڈرس، سوڈیم ہائیڈروجن کاربونیٹ، مینیٹول، ہائیڈروکلورک ایسڈ، سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ۔

**Hepcludex اور پیک کے مشمولات کیسے دِکھتے ہیں**
بولیوِرٹائیڈ، انجیکشن کے سلوشن کی خاطر ایک سفوف کی شکل میں ہوتا ہے جو کہ سفید یا نیم سفید سفوف جیسا دِکھتا ہے۔
ہر کارٹن میں 30 واحد خوراکیں موجود ہوتی ہیں۔

**تشہیر کا مجاز کار حامل**
Gilead Sciences Ireland UC
Carrigtohill
County Cork, T45 DP77
Ireland

**مینوفیکچرر**
Gilead Sciences Ireland UC
IDA Business and Technology Park
Carrigtohill
Co. Cork
Ireland

اس دوا کے بارے میں کسی بھی معلومات کے لیے، براہ کرم تشہیر کے مجاز کار کے مقامی نمائندے سے رابطہ کریں:

**België/Belgique/Belgien**
Gilead Sciences Belgium SRL-BV
Tél/Tel: + 32 (0) 24 01 35 50

**България**
Gilead Sciences Ireland UC
Тел.: + 353 (0) 1 686 1888

**Česká republika**
Gilead Sciences s.r.o.
Tel: + 420 (0) 910 871 986

**Danmark**
Gilead Sciences Sweden AB
Tlf: + 46 (0) 8 5057 1849

**Deutschland**
Gilead Sciences GmbH
Tel: + 49 (0) 89 899890-0

**Lietuva**
Gilead Sciences Ireland UC
Tel.: + 353 (0) 1 686 1888

**Luxembourg/Luxemburg**
Gilead Sciences Belgium SRL-BV
Tél/Tel: + 32 (0) 24 01 35 50

**Magyarország**
Gilead Sciences Ireland UC
Tel.: + 353 (0) 1 686 1888

**Malta**
Gilead Sciences Ireland UC
Tel: + 353 (0) 1 686 1888

**Nederland**
Gilead Sciences Netherlands B.V.
Tel: + 31 (0) 20 718 36 98

**Eesti**
Gilead Sciences Ireland UC
Tel.: +353 (0) 1 686 1888

**Ελλάδα**
Gilead Sciences Ελλάς Μ.ΕΠΕ.
Τηλ: + 30 (0) 210 8930 100

**España**
Gilead Sciences, S.L.
Tel: + 34 (0) 91 378 98 30

**France**
Gilead Sciences
Tél: + 33 (0) 1 46 09 41 00

**Hrvatska**
Gilead Sciences Ireland UC
Tel: + 353 (0) 1 686 1888

**Ireland**
Gilead Sciences Ireland UC
Tel: + 353 (0) 214 825 999

**Ísland**
Gilead Sciences Sweden AB
Sími: + 46 (0) 8 5057 1849

**Italia**
Gilead Sciences S.r.l.
Tel: + 39 02 439201

**Κύπρος**
Gilead Sciences Ελλάς Μ.ΕΠΕ.
Τηλ: + 30 (0) 210 8930 100

**Latvija**
Gilead Sciences Ireland UC
Tel.: + 353 (0) 1 686 1888

**Norge**
Gilead Sciences Sweden AB
Tlf: + 46 (0) 8 5057 1849

**Österreich**
Gilead Sciences GesmbH
Tel: + 43 (0) 1 260 830

**Polska**
Gilead Sciences Poland Sp. z o.o.
Tel.: + 48 (0) 22 262 8702

**Portugal**
Gilead Sciences, Lda.
Tel: + 351 (0) 21 7928790

**România**
Gilead Sciences (GSR) S.R.L.
Tel: +40 31 631 18 00

**Slovenija**
Gilead Sciences Ireland UC
Tel: + 353 (0) 1 686 1888

**Slovenská republika**
Gilead Sciences Slovakia s.r.o.
Tel: + 421 (0) 232 121 210

**Suomi/Finland**
Gilead Sciences Sweden AB
Puh/Tel: + 46 (0) 8 5057 1849

**Sverige**
Gilead Sciences Sweden AB
Tel: + 46 (0) 8 5057 1849

**United Kingdom (Northern Ireland)**
Gilead Sciences Ireland UC
Tel: + 44 (0) 8000 113 700

**اس صفحےپر 02/2026میں آخری نظر ثانی کی گئی تھی**

## 7. مرحلہ وار انجیکشن گائیڈ برائے مریض حضرات/نگہداشت کنندگان

Hepcludex استعمال کرنے سے قبل، اس پیکیج کے صفحےکے سیکشنز 1 – 6 کا پڑھنا آپ کے لیے لازم ہے۔

اس دوا کے ساتھ گھر پر علاج شروع کرنے سے قبل، آپ کا ڈاکٹر یا نرس آپ کو Hepcludex تیار کر کے انجیکٹ کرنے کا طریقہ دِکھائیں گے۔ یہ گائیڈ Hepcludex تیار کر کے انجیکٹ کرنے کا طریقہ دِکھاتی ہے۔ اگر آپ کو کسی چیز کا اندازہ نہ ہو یا آپ کے کوئی سوالات ہوں یا آپ کو مزید معلومات یا مدد چاہئے ہو تو اپنے ڈاکٹر یا نرس سے بات کریں۔ Hepcludex کو احتیاط سے تیار کر کے انجیکٹ کرنے میں جلدبازی سے کام نہ لیں۔

اگر آپ کے بچے کو Hepcludex تجویز کی گئی ہے، مگر وہ اسے خود سے نہیں لگا سکتا، تو براہ کرم نوٹ کریں کہ Hepcludex دینے کی اس مرحلہ وار گائیڈ میں دی گئی تمام معلومات آپ کے لیے ہیں، کیونکہ آپ اپنے بچے کے نگہداشت کنندہ ہیں۔

بچوں اور نوعمر افراد کو نگہداشتِ صحت کے کسی ماہر سے تربیت حاصل کر کے یا کسی بڑے نگہداشت کنندہ کی نگرانی میں ہی یہ دوا خود انجیکٹ کرنی چاہئے۔


نوٹ: Hepcludex کے ڈبے میں موجود نہ ہونے والی اشیاء (سوئیاں، سرنجیں، انجیکشن کے لیے اسٹیرائل پانی) اس مرحلہ وار انجیکشن گائیڈ میں دکھائی گئی تصاویر کے مقابلے میں سائز، شکل اور رنگ میں کچھ حد تک مختلف ہو سکتی ہیں۔ یہ ہدایات مثال کے طور پر فراہم کردہ سامان کے ایک سیٹ کو استعمال کرتے ہوئے Hepcludex کو مکس کرنے اور انجیکشن لگانے کے مراحل بیان کرتی ہیں۔ اگر آپ کے کوئی سوالات ہوں، تو اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کنندہ یا فارماسسٹ سے رابطہ کریں۔

**انجیکشن کی جگہیں**


اسے انجیکٹ کرنے کی بہترین جگہ پیٹ اور ران کا بالائی حصے ہے، جیسا کہ تصویروں میں دِکھایا گیا ہے۔ انجیکشن کی جگہ پر ری ایکشنز کو کم کرنے کے لیے، آپ ممکنہ طور پر Hepcludex انجیکشن کی جگہ کو باقاعدگی سے بدل سکتے ہیں۔

درج ذیل حصوں میں Hepcludex انجیکٹ مت کریں: گھٹنہ، جانگھ، کولہوں کا زیریں یا اندرونی حصہ، براہ راست خون کی کسی رگ کے اوپر، نیول (ناف) کے ارد گرد، کسی زخمی ٹشو پر، کوئی زخم، تِل، سرجیکل نشان، ٹیٹو یا جھلسا ہوا کوئی حصہ، یا جہاں انجیکشن لگنے سے پہلے کوئی ری ایکشن ہوا ہو۔


**پیٹ**



**ران کا بالائی حصہ**




## 1. انجیکٹ کرنے سے قبل





### 1A
**اسٹوریج**

Hepcludex شیشیوں کو اصل پیکیجنگ میں ریفریجریٹر میں (2–8 °C) پر رکھا جا سکتا ہے تاکہ Hepcludex کو روشنی سے بچایا جا سکے۔



### 1B
**خوراکیں تیار کرنا**


درج ذیل ہدایات ایک خوراک حل کرنے کے لیے ہیں۔



### 1C
**ہاتھ دھوئیں**

اپنے ہاتھ صابن اور گرم پانی سے دھوئیں اور صاف تولیے سے انہیں خُشک کریں۔

جب آپ کے ہاتھ صاف ہو جائیں، تو دوا، ساز و سامان اور انجیکشن کی جگہ کے **ارد گرد کے** حصے کے سوا کوئی اور چیز مت چھوئیں۔




### 1D
**شیشی صاف کرنا**

شیشی کے بالائی حصے کو الکحل پیڈ کی مدد سے صاف کریں اور بالائی حصے کو ہوا سے خُشک ہونے دیں۔

اگر آپ ربڑ والے بالائی حصے کو صاف کرنے کے بعد اسے پھر چھوتے ہیں، تو اسے نئے الکحل پیڈ کی مدد سے دوبارہ صاف کریں۔

## 2. انجیکشن مکس کرنا




### 2A
**اسٹیرائل پانی نکالیں**


سرنج اٹھائیں۔ اس پر لمبی سوئی لگائیں۔

**ضروری بات!** ڈھکن والی سوئی کو گھڑی کی سمت میں گھماتے ہوئے آہستگی سے دبا کر یقینی بنائیں کہ یہ ٹائٹ ہے۔

پلاسٹک کا ڈھکن کھینچ کر نکال دیں۔

انجیکشن کے لیے اسٹیرائل پانی کی شیشی کھولیں۔ شیشی میں سوئی ڈالیں اور آرام سے پانی کی شیشی کو الٹائیں۔ ہوا کے بلبلے سرنج میں داخل ہونے سے بچانے میں مدد کے لیے یقینی بنائیں کہ سوئی کا سرا تمام وقت پانی کی سطح کے نیچے رہے۔

آہستگی سے پلنجر کو واپس کھینچ کر سرنج میں 1.0 ملی لیٹر اسٹیرائل پانی لیں۔ سوئی اور سرنج کو احتیاط سے شیشی سے نکالیں۔




### 2B
**اسٹیرائل پانی سفوف میں انجیکٹ کریں**

سفوف کو اپنی جگہ سے ہلانے کے لیے Hepcludexکی شیشی کو آرام سے تھپتھپائیں۔

سوئی کو اسٹیرائل پانی کے ساتھ سیدھا 90° زاویے پر ربڑ کے اسٹاپر کے عین وسط سے گزار کر مکمل طور پر Hepcludex کی شیشی میں داخل کریں۔

تمام اسٹیرائل پانی کو آہستگی سے انجیکٹ کریں ۔

شیشی سے سوئی نکال لیں اور سرنج اور سوئی کو کسی اور محفوظ جگہ رکھ دیں۔



### 2C
**آرام سے Hepcludex مکس کریں**

Hepcludex کی شیشی کو اپنی انگلی کے پور سے آرام سے 10 سیکنڈز تک تھپتھپائیں تاکہ سفوف حل ہونا شروع ہو جائے۔

پھر شیشی کو اپنے ہاتھوں میں آرام سے گھمائیں تاکہ اچھی طرح مکس ہونے کو یقینی بنایا جا سکے۔ اطمینان کریں کہ کوئی سفوف شیشی کی دیواروں سے چپکا نہ رہ جائے۔

**ضروری بات!** شیشی کو زور سے مت ہلائیں۔ زور سے ہلانے سے دوا میں جھاگ بنے گا اور اسے حل ہونے میں بہت زیادہ وقت لگ جائے گا۔




**2D**

**Hepcludex کا معائنہ کرنا**

سفوف حل ہونا شروع ہو جائے، تو بس اسے رکھ دیں اور یہ مکمل طور پر حل ہو جائے گا۔

تھپتھپانے کے بعد، اسے حل ہونے میں 3 منٹ کا وقت لگ سکتا ہے۔



**2E**

**Hepcludex انجیکٹ کرنے کے لیے تیار ہے**


مکمل مکس ہو جانے پر، Hepcludex کے سلوشن کو شفاف ہونا چاہئے۔

**ضروری بات!** مکمل حل شدہ Hepcludex کو شفاف اور جھاگ سے پاک ہونا چاہئے۔

اگر سلوشن جھاگ دار یا پیلاہٹ مائل نظر آئے، تو اسے مزید حل ہونے دیں۔ اگر آپ کو بلبلے نظر آئیں تو شیشی کو آرام سے تب تک تھپتھپائیں جب تک یہ غائب نہ ہو جائیں۔

اگر آپ کو سلوشن کے (مکمل طور پر) حل ہو جانے کے بعد اس میں کوئی ذرات نظر آئیں، تو اس شیشی کو استعمال مت کریں۔ جس ڈاکٹر یا فارماسسٹ نے یہ دی ہو اس سے رابطہ کریں۔

تیار کردہ Hepcludex کو فوراً استعمال کیا جائے۔




**2F**

**شیشی صاف کرنا**

Hepcludex کی شیشی کے بالائی حصے کو، نئے الکحل پیڈ کی مدد سے پھر صاف کریں۔

اسے ہوا میں خُشک ہونے دیں۔


## 3. خوراک انجیکٹ کرنا



### 3A سوئی شیشی میں ڈالیں

سرنج اٹھائیں۔

سوئی کو سیدھا *°90* زاویے پر ربڑ کے اسٹاپر کے عین وسط سے گزار کر مکمل طور پر *Hepcludex* کی شیشی میں دوبارہ داخل کریں۔




### 3B Hepcludex نکالیں

شیشی کو آرام سے الٹائیں۔

ہوا کے بلبلے سرنج میں داخل ہونے سے بچانے میں مدد کے لیے یقینی بنائیں کہ سوئی کا سرا تمام وقت Hepcludex سلوشن کی سطح کے نیچے رہے۔

پیکیجنگ کے صفحےکے سیکشن 3 میں تجویز کردہ خوراک کہلانے والے ٹیبل کو بروئے کار لا کر، انجیکٹ کی جانے والی مقدار کی دوہری تصدیق کریں۔

پلنجر کو آہستہ سے واپس کھینچ کر مائع کی اپنی درکار مقدار لیں۔




### 3C تیاری مکمل کرنا

اضافی ہوا اور بلبلوں کو ختم کرنے کے لیے سرنج کو آرام سے تھپتھپائیں یا جھٹک لیں اور پلنجر کو دبائیں/کھینچیں۔

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ نے سرنج میں Hepcludex کی درست مقدار لی ہے آپ کو شاید سرنج پر بنے نشان سے اوپر پلنجر کو کھینچنا پڑے۔


سوئی اور سرنج کو احتیاط سے شیشی سے نکالیں۔



### 3D سوئی تبدیل کریں اور سوئی پھینک دیں

سرنج سے لمبی سوئی نکالیں اور اسے صحیح سے شارپس ڈسپوزل کنٹینر میں تلف کریں تاکہ اس سے کوئی زخمی نہ ہو۔

**ضروری بات!** سوئی پر واپس پلاسٹک کا ڈھکن مت لگائیں۔




### 3E
**انجیکشن کے لیے سوئی ڈالیں**

سرنج پر چھوٹی سوئی رکھیں۔

**ضروری بات!** ڈھکن والی سوئی کو گھڑی کی سمت میں گھماتے ہوئے آہستگی سے دبا کر یقینی بنائیں کہ یہ ٹائٹ ہے۔

**نوٹ**: چھوٹی سوئی کے ساتھ سائیڈ پر سیفٹی شیلڈ ہو بھی سکتی ہے اور نہیں بھی۔




### 3F
**انجیکشن لگانے کی جگہ منتخب کریں**

اپنے گزشتہ انجیکشن کے لیے استعمال شدہ جگہ سے الگ کسی جگہ کا انتخاب کریں۔

انجیکشن والی جگہ کو ایک نئے الکحل پیڈ کی مدد سے صاف کریں۔

بیچ والی جگہ سے شروع کریں، دباؤ ڈالیں اور دائرے کی شکل میں حرکت کے ساتھ، باہر کی جانب لاتے ہوئے صاف کریں۔

**ضروری بات!** اس جگہ کو ہوا میں خُشک ہونے دیں۔




### 3G
**سیفٹی شیلڈ کو پیچھے موڑ دیں (اگر موجود ہو)**

**نوٹ**: اگر انجیکشن کی سوئی پر سیفٹی شیلڈ موجود نہیں ہے، تو سیدھا مرحلہ **3H** پر جائیں۔

سرنج کو ایک ہاتھ میں پکڑیں اور سیفٹی شیلڈ کو سرنج کی طرف پیچھے کی جانب موڑ دیں۔

انجیکشن کی سوئی سے نیڈل سیفٹی شیلڈ **کو نہ** ہٹائیں۔




### 3H
**سوئی کا ڈھکن اتار دیں**

انجیکشن کی سوئی کے پلاسٹک کے ڈھکن کو احتیاط سے کھینچ کر اتار دیں۔

سوئی کو ہاتھ **نہ** لگائیں اور اس کے کسی دوسری سطح کے ساتھ ربط میں آنے سے بھی بچائیں۔


## 3I



**انجیکشن والی جگہ کو تیار کریں**

انجیکشن والی جگہ کی اطراف کی صاف جلد کی ایک تہہ کو چٹکی میں پکڑیں۔

## 3J





**Hepcludex انجیکٹ کریں**


جلد میں 45 ڈگری کے زاویے پر داخل کریں۔ سوئی کا زیادہ حصہ اندر کو ہونا چاہئے۔

Hepcludex انجیکٹ کرنے کے لیے پلنجر کو آہستگی کے ساتھ آخری حد تک دبائیں۔

سوئی کو جلد سے نکال دیں۔

## 3K





**انجیکٹ کرنے کے بعد، سوئی کو سیفٹی شیلڈ کے ساتھ کور کر دیں (اگر موجود ہو)**


**نوٹ**: اگر انجیکشن کی سوئی پر سیفٹی شیلڈ موجود نہیں ہے، تو سیدھا مرحلہ **3L** پر جائیں۔

انجیکشن کی سوئی کی سیفٹی شیلڈ کو کام کرنے والی سطح پر رکھیں۔

سوئی کو سیفٹی شیلڈ کی طرف دبائیں تاکہ سوئی کور ہو جائے اور سیفٹی شیلڈ لاک ہو جائے۔

سوئی کو ہاتھ نہ لگائیں۔

## 3L



**سوئی کو مناسب انداز میں تلف کریں۔**

سوئی کو سرنج سے نکالیں اور اسے شارپس ڈسپوزل کنٹینر میں پھینک دیں (تلف کریں) تاکہ کوئی بھی زخمی نہ ہو۔

سرنج علیحدہ اور مقامی ہدایات کے مطابق تلف کریں (سوئی کے بغیر)۔

**اہم! انجیکشن کے لیے Hepcludex کی شیشی، سرنج، سوئیاں یا بچا ہوا اسٹیرائل پانی دوبارہ استعمال نہ کریں۔**

استعمال کے بعد شیشی کو تلف کر دیں، چاہے اس میں غیر استعمال شدہ اضافی محلول باقی ہو۔

Hepcludex کی شیشیاں اور دیگر سامان صرف ایک مرتبہ استعمال کے لیے ہیں۔ استعمال کے بعد انجیکشن کے لیے غیر استعمال شدہ اسٹیرائل پانی سمیت تمام اجزاء کو پھینک دیں (تلف کر دیں)۔